آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت

جولائی ۲۰۰۹

سید انتظار حسین شاہ



امریکی صدر اُوباما کی دادی کا فریضہ حج

اشتیاق بیگ آف کراچی کی دلچسپ رپورٹ قارئین آئینہ قسمت کے لیے (شہزادہ سید منصور علی زنجانی)
ishtiaq.baig@janggroup.com.pk

گزشتہ دنوں دوبئی میں میرے قیام کے دوران مقامی اخبار میں ایک ایسی خبر میری نظر سے گزری جس نے مجھے کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا اور یہ خبر شاید امریکیوں کے لیے اہمیت اور خوشی کا باعث نہ ہوگی مگر میرے اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے یہ خبر یقیناً بڑی خوشی کا باعث ہے اور شاید اس میں دنیا والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا ایک پیغام بھی پنہاں ہے۔ خبر کے مطابق دنیا کے سب سے طاقت ور ملک کے طاقت ور صدر بارک اوباما کی 87 سالہ دادی سارہ حسین اس سال نومبر میں فریضہ حج ادا کریں گی۔ یہ حج وہ ابوظہبی کے ایک تاجر ڈاکٹر سلیمان الفہیم کی دعوت پر کر رہی ہیں۔ مذکورہ تاجر ریئل اسٹیٹ کے کاروبار سے منسلک ہیں۔ میں ان سے ابوظہبی میں مل چکا ہوں اور پاکستان میں بھی ان کا ریئل اسٹیٹ کا کاروبار ہے وہ یہاں تشریف لا چکے ہیں اور اس ملاقات میں ان کی شخصیت سے متاثر ہوا ہوں۔ ڈاکٹر سلیمان نے امریکہ میں ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کی۔


گزشتہ دنوں انہوں نے کینیا کا دورہ کیا جہاں ان کی ملاقات صدر اُوباما کے چچا سید اُوباما سے ہوئی۔ یہاں سے وہ دونوں یوگنڈا کے قریب کوگیلو کے علاقے میں سارہ اُوباما سے ملنے گئے۔ ملاقات میں 87 سالہ سارہ اُوباما نے اپنی خواہش کا ذکر کیا کہ وہ اپنی زندگی میں حج کرنا چاہتی ہیں مگر استطاعت نہ ہونے کی وجہ سے ابھی تک وہ اس عظیم سعادت سے محروم ہیں۔ ڈاکٹر الفہیم نے انہیں اپنی جانب سے حج کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی۔ چونکہ اسلام میں ایک عورت کا کسی غیر محرم کے ساتھ حج کی اجازت نہیں اس کے لیے ان کے بیٹے اور صدر اُوباما کے چچا سید اُوباما محرم کے طور پر ان کے ساتھ ہوں گے اور یوں مناسک حج ادا کرنے کی سعادت ان کو بھی حاصل ہو جائے گی۔ نومبر میں حج ادا کرنے سے قبل وہ عرب امارات بھی تشریف لائیں گی۔ جہاں وہ ڈاکٹر الفہیم کی مہمان ہوں گی۔



ڈاکٹر الفہیم نے بتایا کہ میری خواہش تھی کہ میں اپنی والدہ کو حج پر لے کر جاؤں مگر آج میری ماں ہم میں نہیں تو میں نے امریکی صدر اُوباما کی دادی کو حج کی دعوت دی۔ میرے لیے یہ بڑی سعادت کی بات ہے کہ میں اپنی کاروباری زندگی میں ایک بہت بڑا کام کرنے میں کامیاب ہوا ہوں۔ صدر اُوباما کی دادی بہت خوش ہیں کیونکہ یہ ان کا پہلا حج ہے۔ وہ ہمیشہ سے یہ چاہتی تھیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی زندگی میں انہیں یہ سعادت عطا کرے۔

امریکی صدارتی انتخابی مہم کے دوران اُوباما کی مخالف پارٹی نے یہ پروپیگنڈہ کیا تھا کہ اُوباما مسلمان ہیں لیکن انہوں نے صدارتی انتخاب کی وجہ سے اپنے اسلام کو خفیہ رکھا ہوا ہے تاہم اس وقت اوباما نے اس کی تردید کی تھی۔ لیکن اب ان کی دادی کے فریضہ حج ادا کرنے سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے ان کا تعلق مسلم خاندان سے ہے۔ نومبر میں جب اس کی دادی فریضہ حج ادا کرے گی دنیا بھر پر یہ آشکار ہو جائے گا کہ اُوباما کا تعلق ایک مسلمان گھرانے سے ہے۔ کتنے تعجب کی بات ہے کہ دنیا کا ایک طاقتور ترین آدمی جس کے پاس پیسے کی کوئی کمی نہیں۔ وہ امریکیوں کے ڈر سے اپنی دادی کی حج کی خواہش کو پورا نہیں کر سکا اور اللہ نے یہ کام ایک دوسرے مسلمان سے کروا کر ایک پیغام دیا کہ میں جس کو چاہوں وسیلے بنا کر اپنے گھر بلا سکتا ہوں۔ اگر صدر اُوباما اپنی دادی کو امریکی حکومت کے پیسے سے حج کروانے کی جرأت کرتے تو امریکی حکومت کا ایک خاتون پر احسان گنا جاتا، اللہ تعالیٰ کو یہ گوارا نہ تھا لہٰذا اس نے اس مقصد کیلئے ایک مسلمان کا ہی انتخاب کیا بے شک اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اور وہ اپنے امور میں کسی کا محتاج نہیں بلکہ ساری دنیا اس کی محتاج ہے۔

امریکی صدر اُوباما کی دادی کی فریضہ حج کی ادائیگی سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جس کی روح نے بھی خانہ کعبہ کی تعمیر کے بعد حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی آواز پر لبیک کہا اسے ہی یہ سعادت حاصل ہوگی۔ مسلمان ہونے کے ناطے میں اس بات پر پختہ یقین ہے کہ اللہ حج کی سعادت اسے ہی نصیب کرتا ہے جس کا بلاوا وہاں سے آتا ہے اور ڈاکٹر الفہیم جیسے خوش نصیب لوگ اسطرح وسیلے بن جاتے ہیں۔ غور کریں کہ اللہ نے کس طرح ایک دوسرے ملک عرب امارات کے تاجر کے دل میں یہ بات ڈالی کہ وہ ایک غیر مسلم حکمران کی دادی کو فریضہ حج ادا کرنے کی دعوت دے۔ سارہ اُوباما کو یہ سعادت حاصل تھی وگرنہ یہی عرب تاجر کسی مسلم ملک کی غریب خاتون کو اسطرح کی دعوت دے سکتے تھے۔ اسی لیے مشہور کہاوت ہے کہ فریضہ حج کی ادائیگی کا تعلق مال و دولت سے نہیں بلکہ اسکا تعلق اس بلاوے سے ہے جسکا ذکر میں نے اُوپر کیا ہے۔



جنت میرے حسینؑ پاک کے قدموں کی دھول ہے

از تحریر: محمد علی سلیمانی ڈیرہ اسماعیل خان

حسینؑ نواسہ رسولؐ کا نام ہے۔ جو رسول پاکؐ کو اتنا پیارا تھا کہ فرمایا کرتے تھے حسینُ مِنِّی وَ آنَا مِنَ الْحُسَیْن۔ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔ حسینؑ تو رسولؐ سے ہیں مگر رسول حسینؑ سے کیسے؟ یہ کوئی نانا نواسہ کے طور پر نہ تھا بلکہ جب حسینؑ بادشاہ کی ولادت ہوئی تو مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ اسی وقت جبرائیلؑ رسول پاکؐ پر نازل ہوئے۔ جبکہ حسینؑ رسولؐ کے ہاتھوں پر تھے اور کہا کہ یارسول اللہؐ! یہ بچہ تین دن کا بھوکا پیاسا قتل ہو گا۔ پس اسی وقت رسول پاکؐ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ اپنی زندگی کے ہر ہر موقع پر حسینؑ کے بارے احادیث فرماتے رہے کبھی فرماتے کہ حسنؑ اور حسینؑ میرے پھول ہیں۔ کبھی فرماتے حسنؑ اور حسینؑ سے محبت کرنے والا مجھ سے اور اللہ سے محبت کرنے والا ہے۔ کبھی فرماتے حسینؑ ہدایت کا چراغ ہے۔ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔ ان سے لڑنے والا مجھ سے اور اللہ سے لڑنے والا ہے۔ پس **61** ہجری کو جب کربلا میں حسینؑ پاک نے شہادت عظیم کا رتبہ پایا تو صرف اپنے نانا رسولؐ کے دین کو ہی نہیں بلکہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاءؑ کا نمائندہ بن کر یزید ملعون سے ٹکرایا۔ اگر حسینؑ اس وقت مع اپنے کنبہ کے شہید نہ ہوتے۔ یزیدیت کا مقابلہ نہ کرتے تو آج ماں بہن میں تمیز نہ ہوتی۔ حلال حرام میں کوئی فرق نہ ہوتا۔ پس **61** ہجری تک تو حسینؑ، رسولؐ سے تھے اور **61** ہجری سے لے کر تا ابد رسول حسینؑ سے ہیں۔ آج اگر اذانیں ہیں تو حسینؑ کی وجہ سے، نمازیں ہیں تو حسینؑ وجہ کی سے، ناں بہن کے سر پر چادر ہے تو حسینؑ کی وجہ سے اور حسینؑ کے بچپن میں ہی رسول پاکؐ نے

بقیہ صفحہ نمبر 11

شان اہلبیت

اللہ تعالٰی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انسانوں کا سردار بنایا، ہر چیز کو حضور نبی کریمؐ کے واسطے پیدا کر کے آپ کا مطیع کر دیا حروف ابجد کے حروف آپ کی شان کی گواہی دے رہے ہیں۔ اس میں دیکھیں اسم محمد کے پہلے حروف م کو برج اسد سے نسبت دی برج اسد تمام برجوں کا سردار ہے۔ برج اسد کا مالک ستارہ شمس تمام ستاروں کا بادشاہ ہے۔ اس کی روشنی سے کائنات روشن ہے۔ ستارہ شمس کو شرف برج حمل میں ہوتا ہے نوروز بھی اسی برج سے شروع ہوتا ہے۔ برج حمل ستارہ مریخ قوت وطاقت اور غلبہ کا ستارہ ہے۔ اس کی گواہی حضرت علی کرم اللہ کی شان میں ہے کیونکہ آپ کے اس اسم علی کا حروف اول ع ہے ع کا تعلق برج حمل ستارہ مریخ سے ہے اور بھی جلیل القدر صحابی حروف (اورع پر جان نثار رہے اور بارہ امام میں زیادہ تر امام کے نام حروف اول ع اور م سے شروع ہوئے اور چار بڑے رسول حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بھی دیکھ لیں۔ حروف اول ام اور ع ہی کی گواہی رہے۔ آپ دیکھ لیں کہ پہلے بزرگ حضرت پیغمبر آدمؑ کا حرف اول برج حمل سے ہے۔ سب سے پہلے برج سب سے پہلے انسان پیغمبر آدمؑ کی گواہی دے رہا ہے۔ اب آپ چار بڑے رسول حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے پہلے حروف لیتے ہیں جو کہ ام ع م ہیں۔ ان کے اعداد نکال کر جمع کریں مثلاً ا کا ایک م کے چالیس اور ع کے ستر اور پھر م کے چالیس لیں۔ ان اعداد کو جمع کیا تو **151** بنے **151** آخری امام پاک کے نام حضرت محمد مہدیؑ کے حروف ابجد قمری بنتے ہیں۔ زمانہ آخر میں حضرت محمد مہدیؑ اور حضرت عیسیٰؑ کا ہے دونوں کے نام کے حروف پہلے م اور ع ہیں جن کے اعداد **110** ہیں۔ یہ پہلے امام حضرت علیؑ مشکل کشا کی شان میں گواہی دے رہے ہیں۔ حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام حضرت عبداللہ ہے۔ جو حروف ع سے ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک کا پہلا حرف م سے ہے جن کے اعداد کا مجموعہ بھی **110** ہے۔ اب یہ تو تھا علم جفر سے گواہی اور نجوم سے گواہی جو بڑی بزرگ ہستیاں ہیں ان کے شان میں ہیں۔ (شبیر حسین قادری جہلم)

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری								تیسری						چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تثلیث عطارد مشتری

اس سعد وقت کی ابتداء یکم جولائی 19 بجکر 22 منٹ، مکمل نظر 2 جولائی 7 بجکر 31 منٹ اور خاتمہ نظر 2 جولائی 19 بجکر 31 منٹ پر ہوگا۔ حصول علم وفن، ہر قسم طلبہ کی ذہانت بڑھانے اور صنعت وحرفت کاروباری ترقی کے لیے ہر قسم کے اعمال ووظائف کیے اور نقش لکھے جاسکتے ہیں۔ سورۃ مدثر کے خالی البطن نقش کو لکھ کر بازو پر ہمیشہ پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۷۶۹۶	۶۱۵۷۱	۲۳۰۸۸
۳۸۴۸۰	یہاں مقصد لکھیں	۵۳۸۷۵
۴۶۱۷۹	۳۰۷۸۴	۱۵۳۹۲

تربیع زہرہ مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء یکم جولائی 13 بجکر 11 منٹ، مکمل نظر 2 جولائی 10 بجکر 23 منٹ اور خاتمہ نظر 3 جولائی 7 بجکر 30 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین کو دولت، عزت سے محروم کرنے، تنزلی کے لیے ضروری ہو تو سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش لکھ کر روئی کی بتی بنا کر اماوس کی شب روشن کرنے سے ممکنہ مقصد پا سکتے ہیں۔

۷۸۶		
۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۰۹
۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

تربیع مریخ مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 5 جولائی 19 بجکر 52 منٹ، مکمل نظر 7 جولائی 2 بجکر 47 منٹ اور خاتمہ نظر 8 جولائی 9 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔ حاسد دشمن کے کام کو بستہ وفکرمند کرنے کے لیے سورۃ لہب کے خالی البطن نقش سے استفادہ کریں۔ بشرط ایسا کرنا ضروری خیال ہو ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔ نقش لکھ کر احاطہ قبور یا ویران درخت سے باندھ دیں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

تسدیس شمس زحل

اس سعد وقت کی ابتداء 8 جولائی 9 بجکر 38 منٹ، مکمل نظر 9 جولائی 13 بجکر 9 منٹ اور خاتمہ نظر 10 جولائی 16 بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول طلب حاجات ترقی کشادگی ہر قسم کے لیے نقش دعا ناد علی بنا کر بازو پر ہمیشہ پاس رکھنا نیک ہے۔



تسدیس عطارد زحل

اس سعد وقت کی ابتداء 11 جولائی 20 بجکر 20 منٹ، مکمل نظر 12 جولائی 7 بجکر 54 منٹ اور خاتمہ نظر 12 جولائی 19 بجکر 29 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات نقش نادعلی باپرہیز گلے میں پہنیں۔

قرانِ شمس عطارد

اس سعد وقت کی ابتداء 13 جولائی 12 بجکر 13 منٹ، مکمل نظر 14 جولائی 8 بجکر 16 منٹ اور حل المشکلات، ذہانت بڑھانے کے لیے اس طلسماتی نظر سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں اور لکھ کر پی بھی سکتے ہیں۔

	۷۸۶		
۱	۷۸۸	۶۳۰۹ ۸	۲۳۶۴	۳
۵	۳۹۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۵۵۲۱۰	
۶	۴۷۳۳	۳۱۵۲	۱۵۷۶	۲

تسدیس عطارد مریخ

اس سعد وقت کی ابتداء 20 جولائی 11 بجکر 30 منٹ، مکمل نظر 21 جولائی 5 بجکر 34 منٹ پر اور خاتمہ نظر 21 جولائی 23 بجکر 52 منٹ پر ہوگا۔ دوستوں سے الفت و محبت قائم رکھنے، بڑھانے کے لیے سورۃ حجر کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۴۷۲۵	۱۱۷۸۰۹	۴۴۱۷۵
۷۳۶۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۰۳۰۸۴
۸۸۳۵۹	۵۸۹۰۰	۲۹۴۵۰

تربیع زہرہ زحل

اس نحس وقت کی ابتداء 21 جولائی 2 بجکر 53 منٹ، مکمل نظر 22 جولائی 2 بجکر 4 منٹ اور خاتمہ نظر 23 جولائی 1 بجکر 14 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین عورتوں اور مردوں میں فتنہ فساد پیدا کرنے کیلئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۷۰۷۱۲	۵۶۵۶۹۸	۲۱۲۱۳۶
۳۵۳۵۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۹۴۹۸۶
۴۴۴۷۴	۲۸۲۸۴۸	۱۴۱۴۲۴

تثلیث زہرہ مشتری

اس سعد وقت کی ابتداء 26 جولائی 14 بجکر 59 منٹ، مکمل نظر 27 جولائی 10 بجکر 6 منٹ اور خاتمہ نظر 28 جولائی 5 بجکر 11 منٹ پر ہوگا۔ اس خوبصورت اور طاقتور نظر میں حصول زن، زر، عشق و محبت، شادی و پسندیدہ جگہ شادی غرض سبھی نیک مقاصد کیلئے وظائف کرنے یا نقش بنانے کیلئے موثر وقت ہوگا۔ سورۃ یوسف کے 2 عدد نقش لکھ کر ایک پھلدار درخت سے لٹکائیں۔ دوسرا باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

مقابلہ عطارد مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 30 جولائی 3 بجکر 52 منٹ، مکمل نظر 30 جولائی 16 بجکر 39 منٹ اور خاتمہ نظر 31 جولائی 5 بجکر 33 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کی املاک، کاروبار کو خراب کرنے کے لیے سورۃ لہب کے خالی البطن نقش کو لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۳۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

شمسی و قمری گرہن اور حروفِ صوامت

مشکلات و صدمات کا سال

از تحریر: میاں جاوید اقبال، بدرملی

حسب موقع حروف صوامت کے کچھ اعمال لے کر حاضر ہو رہا ہوں۔ اس سے قبل ماہ جنوری 2009ء صفحہ نمبر 40 اور ماہ فروری 2009ء صفحہ نمبر 12 پر شمسی و قمری گرہن کے مضامین میں سال بھر کے لیے تمام پیش گوئیاں دے چکا ہوں۔ جس میں اب کے حالات کے بارے میں کئی مرتبہ (جنگ و جدل) کا تذکرہ کیا اور ایک مرتبہ پھر بم دھماکوں کے ہونے کے بارے میں لکھا تھا یہ سابقہ مضامین وہ حضرات ضرور پڑھیں جنہوں نے ایک ہی قسم کی عینک پہن رکھی ہے۔ کیونکہ اس عینک سے وہ مخصوص حضرات کی چیزوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ میں نے جنگ کا ذکر کیا وہ انڈیا پاکستان میں جنگ کے بارے حساب لگا کے بیٹھ گئے جبکہ جنگ کا ہونا لازمی تھا اور حالات ہی ایسے پیدا کر دیے گئے ہمارے اپنے ہی محافظوں نے اپنوں کے خلاف ہتھیار اٹھا لیے۔ اب اس کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ آنے والے گرہن اس کے بارے میں کیا بتاتے ہیں۔ سابقہ مضامین ان لوگوں کے لیے بہت بڑا آئینہ ہے۔ جس میں سال بھر کے حالات درج ہیں۔

قمری گرہن

مورخہ 7 جولائی بروز بدھ نئے وقت کے مطابق 1 بجکر 23 منٹ پر آغاز جبکہ 15 بجکر 23 منٹ پر مکمل اور خاتمہ گرہن 16 بجکر 23 منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن برج جدی کے 15 درجہ اور 24 دقیقہ پر ہوگا۔ یہ پاکستان میں نظر نہ آسکے گا۔ یہ مشرقی ممالک میں با آسانی دیکھا جا سکے گا۔

2009 / 11	7	7
اچانک خطرہ مشکلات وصدمات وغم جنگ، جدل، جھگڑے، فسادات	پراسرار طور پر بچوں کی حفاظت (مایوسی) (ناکامی)	تکمیل کا جذبہ کا جذبہ
2009	7	22
11	گرہن کا منفی پہلو	مالی طور پر فائدہ

بے وفائی، ڈکٹیٹر کا دور امن وامان شدید خطرے میں	مایوسی ناکامی	4 عالمی ہمدردی

شمسی گرہن

22 جولائی بروز بدھ شمسی گرہن برج سرطان کے 29 درجہ اور 27 درجہ دقیقہ پر 6 بجکر 36 منٹ پر ابتدا کرے گا۔ 8 بجکر 36 منٹ پر مکمل گرہن ہو گا۔ جبکہ 10 بجکر 36 منٹ پر خاتمہ ہوگا یہ گرہن بھی پاکستان میں نظر نہ آئے گا۔ جبکہ مغربی ممالک میں نظر آئے گا۔ ان دونوں گرہنوں کے اثرات بوجہ عدد 2 کے انتہائی نحس ہوں گے۔ پاکستان کا امن وسکون تباہ ہو کر رہ جائے۔ وہ ممالک جو کسی ملک پر یلغار کر کے مقصد حاصل کرنا جانتے ہیں۔ اس کے بغیر ہی وہ ان مقاصد کو پاکستان میں پالیں گے۔ یہ وہ جنگ تھی جو وہ لوگ 100 فیصد ہار چکے تھے۔ بہت ہی احسن طریقہ سے اس کی پگ پاکستان کے سر پر رکھ دی ہے۔ اب وہ ڈرون حملے بھی نہ کر سکیں گے۔ کسی بھی بڑے شہروں میں سکون نام کی چیز نہ ہوگی۔ تخریب کاری دوبارہ شروع ہو جائے گی۔ تحفظ بہت مشکل ہو جائے گا۔ یہ جنگ بہت طویل ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔ جس کا مستقبل قریب میں بھی منتقی انجام تک نہیں پہنچ سکیں گے۔ جو کہ 2010 تک کے آخر تک یہی حالات نظر آ رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس مملکت خداداد کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ میری اپنے ان بھائیوں سے گزارش ہے جو کہ آج کل میاں محمد نواز شریف کو کوئی صدر بنا رہے ہیں اور کوئی وزیراعظم۔ وہ میاں نواز شریف کو اگست کے قمری گرہن کے نحس اثرات سے ضرور آگاہ کریں کیونکہ اس سے ان کی جان ومال سے حفاظت بہت ضروری ہے۔ کیونکہ اگست ستمبر ان کے لیے انتہائی نحس ہے۔ اس کے بعد 15 جنوری 2010 کو دنیا کا طویل ترین گرہن شمسی آ رہا ہے جس کا دورانیہ 11 گھنٹے اور 10 منٹ ہوگا اور اس کے پاکستان پر جو اثرات ہوں گے وہ ان کے ذریعے پہلے سنانا زیادہ بہتر سمجھتا ہوں۔ کیونکہ اس کے مکمل اثرات کی زد میں پاکستان، ایران اور انڈیا آ رہے ہیں اور ان پر تحقیق اشد ضروری ہے۔

حروفِ صوامت

قارئین آئینہ قسمت حروف صوامت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ گذشتہ چند سالوں سے کافی اعمال پڑھ چکے ہیں اوران معجزہ نما حروف سے مجرب اعمال عقود، امراضِ عداوت وجدائی اور حب وبغض کے اعمال تیار کرتے اور کرواتے رہے ہیں۔ یہ تیر کی طرح کام دینے والے بے نکات حروف جن کی تعداد تیرہ ہیں۔ سابقہ مضامین میں ان کی زکاوت ودعوات کے مختلف طرائق بیان کیے گئے ہیں۔

ص ط ع ک ل م و ه

ان حروف کی مفرد اور مرکب حالت کو عین گرہن کے اوقات میں زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے۔ مرکب حالت میں اس کی ترکیب یوں ہوگی۔

طعك - لموه

بعض عاملین ان مرکب حروف کو لکھنا اور پڑھنا مناسب سمجھتے ہیں۔ مستند اعمال کو تیار کرنے کے لیے کم از کم ایک سال کے تمام گرہنوں میں منہ میں کالی مرچ رکھ کر **7059** مرتبہ پڑھیں اور **543** مرتبہ اس کو لکھ کر کسی قبرستان میں دفن کریں۔ بعد ازاں آپ عقد الامراض، عقد اللسان، عقد النوم، عقد النکاح، عقد الزنا، عقد القدم، عداوت وبغض حتیٰ کہ تمام قسم کی عقود اور ناجائز کاموں کو بندش کرسکتے ہیں۔

قارئین آج کل اس قدر ناجائز کام کروائے جاتے ہیں جس کی بناپر اکثر نامی گرامی عاملین حروف صوامت سے کنارہ کشی اختیار کرچکے ہیں۔ کیونکہ اس کی رجعت اس قدر خوفناک ہوتی ہے کہ سوائے تباہی کے کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ کیونکہ جس قدر یہ سریع التاثیر اور جادوئی حروف ہیں اس قدر ہی یہ رجعت بھی دیتے ہیں۔ اس لیے سوائے امراض کی بندش کرنے کے اور اجازت لے کر اس کی زکات ادا کرنے سے اس کی رجعت سے بچا جاسکتا ہے۔

اس کی زکات ادا کرنے کا ایک دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ ذیل کی آیات کو عین گرہن میں **543** مرتبہ سال کے تمام گرہن میں پڑھیں۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْ هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْ صٰغِرِيْنَ و اَلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ٥

اس آیت کی دعوت سے حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے۔ تیرہ کے تیرہ حروف اس آیت میں اپنا وجود رکھتے ہیں اور اس کی زکوٰۃ سے تمام قسم کے سحر وجادو آسیب اور دوسرے کیے گئے تمام اعمال کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اس آیت کے سامنے طاقتور سے طاقتور جن بھی جل کر بھسم ہوجاتا ہے۔ اس کو بے شمار اعمال میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کا دم بھی انتہائی کارگر ہوتا ہے۔ سحرزدہ پر صرف **3** مرتبہ **7** دن دم کرنے سے سحر باطل ہوجاتا ہے۔

اعمالِ صوامت اور گرہن

"زمین جائیداد پر ناجائز قبضہ ختم کرانا"

بعض اوقات ایسی حالت ہوجاتی ہے کہ مخالف انتہائی ظالم اور طاقتور ہوتا ہے۔ ملکی قانون بھی مدد نہیں کرتا حتیٰ کہ اپنے سنگی ساتھی بھی ساتھ دینے سے انکاری ہوجاتے ہیں۔ سوائے اس مالک کے کوئی امید نہیں ہوتی تو اس صورت میں یہ عمل تیار کروائیں۔ کیونکہ خود عامل ہونے کی صورت میں بنا سکتے ہیں وگرنہ خوفناک رجعت ہوجاتی ہے عامل ہونے کی صورت میں اجازت لینا بہت ضروری ہے کیونکہ اس عمل میں عظیم تاثیر ہے اور یہ مجرب عمل ہے۔ اس کی وجہ سے کئی کمزور لوگوں کو ان کا حق ملا ہے۔

دشمن/قابض کا نام بمعہ والدہ کے اعداد = **1975**

آیت قرآنیہ کے اعداد = **6544**

میزان = **8519**

کسر **8519 - 30=8489 ÷4 = 2122/=1**

پھر اعداد کو مربع شمسی معکوس پر لکھیں۔ قارئین! یہ نقش لوح سیسہ پر عین گرہن کے وقت کندہ کریں اس سے قبل تمام تیاری اور پیپر ورک مکمل کر کے رکھیں۔ لوح کو مکمل کر کے اس کے گرد دائیں سے بائیں طرف کو سورۃ الفاتحہ (الٹی لکھ کر پہلے بنالیں) الٹی لکھنا شروع کردیں جیسے والضالین کا الٹ نیلا ضلاوَ سے الٹی لکھنا شروع کریں جہاں سورۃ ختم ہوجائے پھر دشمن بمعہ والدہ کا نام لکھ کر آگے یہ ایں زور فتح شو فتح شو بحق کلام پاک مجھے میرا حق (زمین ہوا/ پیسہ لینا ہوا/ زبردستی ملازمت) واپس دینے پر مجبور کرو بحق یا اسرائیل یا عزرائیل یا میکائیل یا جرائیل لوح کے اوپر مکمل نقش کے موکل کا نام کندہ کرنا ہے۔

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

نقش کی پشت پر زمین، افسر یا جو بھی کوئی مقصد ہو اس کی تصویر فرضی بنائیں، پھر مخالف کا نام بمعہ والدہ اور مقصد لکھ کر اس کی بسط حرفی کریں اور

ان حروف کو حروف صوامت سے امتزاج دے کر جملے بنالیں اور ان جملوں کو تصویر کے اردگرد لکھ دیں بعدازاں اس لوح کو سینگ گندھک اور تارکول کی دھونی اس قدر دیں کہ اس کی خوشبو اس میں رچ بس جائے بعد میں اس کو کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر اس جائیداد یا زمین میں دفن کردیں۔ بفضل تعالیٰ آپ ان معجزہ نما حروف کے اتنے قائل ہوں گے کہ ایسی عظیم تاثیر شاید ہی کسی عمل میں ہو لیکن پھر لکھ رہا ہوں کہ مجھ فقیر یا حضرت شاہ زنجانی سرکار سے اجازت ضرور طلب کرلیں۔ وگرنہ یہ نہ ہو کہ جائیداد کے حصول کی خاطر بھی آپ اپنا سب گنوا بیٹھیں۔ جتنا عظیم یہ عمل ہے اتنا ہی عظیم اس کی واپسی رجعت بھی ہے، عمل کو تیار کریں عظیم غیبی مدد حاصل ہوگی اور فوراً آپ کا حق آپ کو مل جائے گا۔ (ایسے اعمال غیر شرعی ہو جاتے ہیں۔)

عداوت شدید: ناگزیر وجوہات کی بنا پر کبھی ایسا موقع آجائے کہ دو اشخاص میں علیحدگی سے امن آتا ہو یا لوگ ان کے شر سے محفوظ رہ سکتے ہوں تو اس موقعہ پر ماہ جنوری اور فروری میں عداوت وجدائی کے لیے 2 آیات دی گئی ہیں۔

1- لاتذر علی الارض من الکافرین دیاراً۔

2- سیھزم الجمع ویولون الدبر ٥

عمل کی نوعیت کے مطابق ان میں سے کوئی ایک ایک آیات کی روحانیت سے عمل تیار کریں طریقہ ماہ فروری میں دیکھیں۔

بعد میں اس کے خاکی مثلث 2 عدد تیار کریں۔ تیسری مثلث خاکی کسی مردہ کی ہڈی پر لکھ کر ہینگ، گندھک اور تارکول کا نچوڑ کریں۔ اس ہڈی کے ساتھ پیاز اور نمک کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی قبر کے سرہانے دفن کریں۔ اس نقش کو بھی الٹی سورۃ فاتحہ کا مکمل حصار دیں ایسی عظیم جدائی ہوگی کہ دونوں افراد ایک دوسرے کا منہ دیکھنا تو دور کی بات ہے کلام بھی نہ کریں گے۔

(ایسے اعمال غیر شرعی ہو جاتے ہیں۔)

لوح شمسی (صوامتی)

11 جولائی کو اوج شمس کے موقع پر آپ حروف صوامت لوح شمس بنا سکتے ہیں۔ انتہائی مفید اور سریع التاثیر ہے۔ اس کو پاس رکھنے کے وہی فوائد ہیں جو کہ لوح شمس کے بلکہ اس میں کوئی شک وشبہ نہ ہے کہ یہ اس سے بھی زیادہ سریع التاثیر ہے۔ بے پناہ سریع التاثیر ہے، اگر سونے پر لکھا جائے تو اس کی تاثیر کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ بعد میں اس کے نیچے شمس کے طلسم درج کریں۔ ابرٹا۔ صبرٹا۔ صورٹا

ا	ل	م	ص
م	ص	ا	ل
ص	م	ل	ا
ل	ا	ص	م

لوح تحفظ

آج کل جو وقت چل رہا ہے جس میں عدم تحفظ اور بے یقینی کی کیفیت تمام ہے ہر طرف افراتفری کا عالم ہے۔ ہر آدمی اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھتا ہے۔ یہ دور **2010** کے آخر تک شدید سے شدید ہوتا چلا جائے گا۔ ایک سریع التاثیر لوح تحفظ چند سال سے دے رہا ہوں جو کہ بہت مقبول ہوئی۔ بلکہ ہزاروں لوگوں نے اس سے بے پناہ فائدہ حاصل کیا ابھی جبکہ یہ مضمون لکھ رہا ہوں پشاور کے ایک صاحب نے فون کر کے شکریہ ادا کیا کہ بطفیل اس لوح تحفظ خصوصی کہ وہ قصہ خوانی بازار میں اس وقت ہونے والے دونوں بم دھماکوں سے بال بال بچ گیا۔ وہ تو حیران تھا ہی مگر میں خوشی سے پھولا نہیں سما رہا تھا۔ یہ پہلا موقع نہیں تھا، سینکڑوں فون اس سے پہلے مستفید ہونے والوں کے آچکے ہیں۔ خوشی تو آخر ہوتی ہی ہے کہ اس کا بچہ اگر کسی میدان میں جیت کر آئے خیر اس وقت تو ہر اس شخص کو جو محکمہ پولیس، فوج یا ایسے محکمے میں ہو جہاں جان کا خطرہ ہو، اس کے لیے سب سے بڑا امام ضامن ہے یا پھر ان لوگوں کے لیے لوح تحفظ خصوصی انتہائی ضروری ہے جو ایسی جگہ رہتے ہوں۔ جہاں پر تخریب کاری کا خطرہ ہو یا پھر چوٹ لگنے کا خطرہ ہو یا ڈرائیور حضرات۔

یہ لوح اگر حروف صوامت کے عامل سے لکھوائی جائے تو اس کے اثرات لوح تحفظ خصوصی جتنے ہو سکتے ہیں۔ اس لوح میں تحفظ بیماری، جمیع فوائد، حفاظت، حصول جاہ وجلال، اعلیٰ مرتبہ، تونگری غناء، عزت وشہرت، ترقی و ملازمت، ترقی رزق کے لیے حتیٰ کہ بے شمار فوائد کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶			
اللہ	الصمد	ہو	احد
ہو	احد	اللہ	الصمد
احد	ہو	الصمد	اللہ
الصمد	اللہ	احد	ہو

غلط لوگوں کا اڈہ ختم کرنا

بعض اوقات کچھ لوگ غنڈہ گرد عناصر کسی ایسی جگہ اپنا اڈاہ قائم کر لیتے ہیں۔ جہاں پر شرفا لوگ ان سے تنگ ہوں۔ ایسے لڑکے بیٹھ کر وہاں جوا، شراب پی کر


لوگوں کو تنگ کرتے ہیں۔ آتے جاتے لوگ ان سے تنگ ہوں یا کچھ ایسے لوگوں کا گروہ بن جاتا ہے۔ جن سے تمام اہل محلہ تنگ آ چکے ہوں ایسی صورت میں عین گرہن کے وقت 3 عدد نقش مثلث لکھ کر ان کو گندھک، سندرس اور تارکول کی دھونی دے کر رکھ لیں۔ ہفتہ کے دن اس مثلث کو سرکہ میں بھگو کر رکھ دیں۔ حتیٰ کہ نقش کو اچھی طرح اس میں مسل کر ریزہ ریزہ کر کے اس جگہ ڈال دیں دوسرا نقش آئندہ ہفتہ والے دن اسی طرح تیسرا ہفتہ تک وہ لوگ اس جگہ کو بغیر کچھ کہے سنے چھوڑ دیں گے۔ بلکہ ان کا آپس میں تفرقہ پڑ جائے گا۔

اجھزط		
ط	ط	ط
ط	ط	ط
ط	ط	ط

رسولی، اپنڈکس، ہرنیہ

اپنڈکس سائیٹ، رسولی، ہرنیہ، گلہڑ الی یا ایسی جگہ جہاں پر جسم میں کوئی غدود پھول جائے بشرطیکہ ناپاک جگہ نہ ہو۔ 2 عدد نقش لکھ کر ایک نقش متاثرہ حصہ پر باندھ لیا جائے۔ جبکہ دوسرا نقش تیل میں حل کر کے دن میں 2 مرتبہ متاثرہ حصہ پر لگا کر دوبارہ نقش باندھ لیا جائے۔ انشاء اللہ 3 یوم میں شفا ہوگی۔

۷۸۶



جلدی امراض، ناف کا ٹلنا

ایسے جلدی امراض جن کا علاج دیر بعد آتا ہو یا فنگس سے امراض کے لیے یا ایسے لوگ جن کو ناف پڑ جاتا ہے یا ایسے لوگ زہر باد قسم کے امراض لاحق ہوتے ہیں۔ ان کے لیے گرہن میں 2 عدد نقش لکھ کر دیں۔ ایک نقش گلے میں ڈال لیں / ناف پر باندھ لیں، دوسرا نقش تیل میں حل کر کے متاثرہ حصوں پر لگایا جائے۔

۷۸۶		
ھ	ا	ط
ط	ھ	ا
ا	ط	ھ

بخار، امراض بچگانہ، نظر لگنا

بچوں کے تمام قسم کے امراض اور نظر لگنا، بچوں کی حفاظت اور ہر قسم کے موسمی یا کسی دوسرے قسم کے بخار کے لیے انتہائی مفید ہے اس کو عین گرہن میں لکھ کر ضرورت کے وقت گلے میں پہننے کے لیے بچوں کو دے سکتے ہیں۔ جس سے وہ ہر قسم کی بیماریوں اور آفات سے محفوظ رہ سکتا ہے۔

۷۸۶		
صحح ه	صحح ه	صحح ه
صحح ه	صحح ه	صحح ه
صحح ه	صحح ه	صحح ه

صوامت سے تحفظ صوامت سے

قارئین عملیات کے ہر قسم کے اثرات سے تحفظ کے لیے اور حفظ وامان کے لیے یہ نقش انتہائی سریع التاثیر ہے۔ اس کے علاوہ تمام قسم کے امراض کے تحفظ باعث خیر و برکت کے لیے ہر قسم کی نحوست کے خاتمہ کے لیے، ایسی دکان یا کاروبار جو کہ کسی قسم کے عملیات نحوست سیارگان کی بندش یا کسی بندش کے نتیجہ میں بند ہو جائے آویزاں کرنے پر بندش ختم ہو جاتی ہے۔ ایسے افراد لڑکا ہو یا لڑکی اپنی بخت کشائی کی منتظر ہوں اس کے لیے نہایت پر تاثیر عمل ہے اس کو ہر قسم کی بندش کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کے عظیم فوائد سے مستفید ہوا جا سکتا ہے۔ آج کل کے جدید دور میں یہ ایک انمول تحفہ ہے۔

۷۸۶		
طمحح ه	طمحح ه	طمحح ه
طمحح ه	طمحح ه	طمحح ه
طمحح ه	طمحح ه	طمحح ه

قارئین کرام! یہ تمام اعمال حروف صوامت پر مبنی ہیں۔ اگر آپ نے ان اعمال کی زکوٰۃ ادا نہیں کی تو پہلے زکوٰۃ ادا کریں۔ بغیر اجازت ان اعمال کو بنانا یا زکوٰۃ ادا کرنا رجعت کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس لیے سب سے پہلے ان اعمال کے لیے مجھ فقیر یا حضرت شاہ زنجانی سرکار سے اس کی اجازت ضرور طلب کریں اور ان اعمال سے حقیقی طور پر مستفید ہو سکیں اور ان اعمال سے مستفید ہو کر خاندان زنجانیہ کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

اصل والاصول اوج شمس

ازتحریر:
سید مظہر علی بخاری/سنگوٹ میرپور

فرد کی طرح قوم کا بھی نفس ہوتا ہے اور اسے بھی طبعاً حسن وزندگی اور جلال سیاسی کی طلب وجستجو ہوتی ہے۔ اگر کسی بیماری قلب کے سبب اس کی زندگی ضعیف ونزار یا مردہ ہو جائے تو اس کی خواہش جلال سیاسی رنگ قبح سے مزین ہو کر خواہش فرعونی وہامانی میں بدل جاتی ہے اور اس سے دنیائے سیاست میں فساد برپا ہوتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اس سے سیاسی نظام میں اختلال وخرابی اور جمود وتعطل پیدا ہو جاتا ہے۔ جس کے منفی اثرات کل حیات قومی پر مرتب ہوتے ہیں۔ اس طرح اس کے نظام کلی میں بھی بے نظمی وخرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کے نتائج قوم کے حق میں منفی وتباہ کن ہوتے ہیں۔

خواہش حسن وزندگی میں حرکت ہو تو نفس قومی کو، خواہش جلال سیاسی ہوتی ہے۔ بالفاظ دیگر اسے معاشرے میں صلوٰۃ، زکوٰۃ، تعلیم وتربیت، اخلاق تادیب وتبلیغ اور اجتہاد وجہاد کے نظام قائم کر کے اسے خوف وحزن سے محفوظ ومصئون رکھنے اور امن وسلامتی کی جنت بنانے کی طلب وجستجو ہوتی ہے۔ بخلاف اس کے اگر خواہش حسن زندگی میں مردہ پن پیدا ہو جائے تو اس کا نتیجہ حیات اجتماعیہ میں فقدان وحدت اس کی شیرازہ بندی میں انتشار کی صورت میں نکلتا ہے۔ علاوہ ازیں نفس قومی میں فرعون، ہامان، قارون اور آزر بننے کی آرزو نشو ونما پانے لگتی ہے۔ چنانچہ جب قوم کی فکر ونظر میں وحدت نہیں رہتی تو اس کے قول وعمل میں ہم آہنگی نہیں رہتی اور اس کی راہ ومنزل بھی ایک نہیں رہتی اور اس کے نتیجے میں وہ گمراہ ہو کر منزل مقصود سے دور بھٹکنے اور اپنی توانائیاں بے مصرف ضائع کرنے لگتی ہے۔ یہ نکتہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ قوم میں وحدت فکر ونظر ہو تو اس میں روح عسکری ہوتی ہے۔ جسے ''جلال عسکری'' سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ یہ جلال عسکری ہے جس کی بدولت وہ فوج کی طرح منظم وجلیل اور بنیان مرصوص بنتی ہے۔ بخلاف اس کے وحدت نہ ہو تو قوم میں روح عسکری (عسکریت یا جلال عسکری) بھی نہیں رہتی اور وہ ریت کی دیوار کی طرح ہو جاتی ہے۔ دیکھنے میں مربوط ومضبوط، حقیقت میں نامربوط وکمزور، جو ضرب حریفانہ کی مستعمل نہ ہو سکے۔ فوج میں روح عسکری اس کی اصل قوت ہے۔ یہ نہ رہے تو اس میں نظم وضبط رہتا ہے نہ رعب وجلال۔

ستارہ شمس بھی رعب، جلال، دبدبہ ترقی، جاہ وحشمت، دشمنوں پر غلبہ، سیاسی وسماجی کامیابی، بلندی ومرتبہ، جیسی خواہشات سے منسوب ہے۔ اس کا جلال اول **2009**ء اپریل میں گزر چکا ہے۔ جلال دوم **12،11** جولائی کو پھر ہے اور یہ اوج کی حالت ہے۔ **11** تاریخ کو دن ہفتہ اور **12** تاریخ کو اتوار ہو گی۔ جو شمس سے متعلقہ دن ہے۔ اس دن قمر برج حوت میں مشتری برج دلو میں حالت رجعت میں زہرہ اوج کے گھر میں اور مریخ برج ثور میں ہو گا۔ اس دن عطارد وزحل کی نظر تسدیس ہو گی۔ اس فلکی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ساعات کی اہمیت جانتے ہوئے **12** جولائی اتوار کی پہلی ساعت شمس میں تیار کیا جانے والا ایک منفرد انوکھا قاعدہ درج کر رہا ہوں اور امید ہے پسند بھی فرمائیں گے اور اس کو تیار کر کے ہزار دو ہزار فوائد حاصل کریں گے۔

شمس کے حروف م، ن، س، ع اور قمر کے حروف ذ، ض، ظ، غ زحل کے حروف ا، ب، ج، د اور عطارد کے حروف ش، ت، ث، خ لے لیں۔ ان حروف کے اعداد مکتوبی، ملفوظی اور عربی عددی لیں۔ ان تمام اعداد میں اپنے نام کے اعداد مکتوبی ملفوظی عربی عددی شامل اور سورہ والشمس کے اعداد مکتوبی ملفوظی اور عربی لیں۔ سورہ شمس کے اعداد میں آپ کی آسانی کے لیے لکھ رہا ہوں۔

مکتوبی: ۱۹۳۳۶ ملفوظی: ۲۹۰۴۳ عربی: ۱۲۳۹۷۹ ہیں۔

یہ بھی شامل کر لیں۔ ایک مثلث خالی البطن پر کریں۔ مثلث خالی البطن کے پر کرنے کا طریقہ زنجانی جنتری **2009** کے صفحہ **100** پر چال کے ساتھ درج ہے۔ درمیان والا خانہ بڑا بنائیں۔ اس میں پوری سورہ شمس باریک کر کے لکھ لیں۔ زعفران سے سیاہی بنائیں، پہلے دو رکعت نفل پڑھ لیں۔ رجال الغیب کا حساب رکھ لیں۔ **12** اگربتیاں جلانی ہیں، کپڑے پاک صاف، صرف ایک گھنٹہ ہے، بنا لیں۔ تمام حساب کتاب پہلے تیار کر کے رکھ لیں۔ وقت پر تیار کر لیں، خوشبو لگا کر دائیں بازو پر باندھیں۔ جب تک پاس رہے گی۔ زوال نہیں آئے گا۔ ہر مقصد وکامرانی کے لیے ایک عظیم تحفہ درج کیا ہے۔

کمالات جفر — اوج شمس — حصول عروج و عہدہ

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان

عملیات جفر میں کواکب کے شرف اوج، ہبوط، تثلیث، تربیع اور مقابلہ کے مواقع پر اعلیٰ اثرات کے فیض کے لیے الواح اور نقوش تیار کیے جاتے ہیں۔ عاملین جفر ان مواقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اور وہ مختلف مقاصد کے لیے نقوش تیار کرتے ہیں۔ جن میں اعمال کی تاثیریں کام کرتی ہیں۔ شمس کے شرف اور اوج کے اوقات سال میں ایک دفعہ آتے ہیں۔ کسی بھی ستارے کی شرف کی سعد قوت کے بعد اوج کی قوت سعد مانی گئی ہے۔ جو دوسرے درجے میں شمار ہوتی ہے۔

شمس کو برج سرطان کے **20** درجہ پر اوج کی قوت حاصل ہوتی ہے اور یہ وقت ہر سال **11** جولائی کو ہوتا ہے۔ یہ وقت تاثیرات فلکی میں سعد اثر ظاہر کرتا ہے۔ وہ لوگ جو ترقی کے مستحق ہیں اور انہیں اندیشہ ہو کہ افسران میری حق تلفی کریں گے اور مجھے ترقی کے لیے نظر انداز کریں گے یا کسی شخص کی ترقی کسی وجہ سے کئی برسوں سے رکی ہوئی ہو یا اس کی قسمت ایسی ہو کہ وہ ہمیشہ ترقی کے موقع پر پس منظر میں چلے جاتے ہوں یا ترقی تو انہیں ملتی ہے مگر عہدہ میں ترقی نہیں ہوتی۔ جیسے فی زمانہ سیاسی حکومتوں کے عتاب کا شکار ہو کر **OSD** بنا دیا جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کے پاس اختیارات نہیں ہوتے اور عام زبان میں کھڈے لائن لگنا کا محاورہ ان کے اوپر چسپاں ہو جاتا ہے اور وہ اس سیاسی حکومت کے دور میں تو کھڈے لائن ہی لگے رہتے ہیں۔ چہ جائیکہ ان کی حامی حکومت آئے اور انہیں اس ذلت بھری زندگی سے نجات دلائے۔ ایسا اکثر کلیدی اور اعلیٰ عہدوں کے حامل افسران کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ بات ہم سب نے دیکھی ہے جو چند دن پہلے بڑے کروفر سے مسند اقتدار پر اور سنگھاسن پر براجمان ہوئے تھے۔ ان کا مستقل گہن میں آگیا اور جو عرش سے فرش پر گرا دیے گئے تو وہ دوبارہ عزت و آبرو سے اپنے اسی مقام پر فٹ ہو گئے۔ یہ تو حکومتوں میں عروج و زوال، اکھاڑ پچھاڑ آئے روز کا طرفہ تماشہ ہوتا ہے۔ لیکن ان اقتدار کے حق داروں کے درمیان جو اشخاص جی حضوری نہ کرنے یا ناجائز خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ڈالنے کا خمیازہ بھگتنے کے حق دار ٹھہرتے ہیں۔ ایسے بدقسمت اور بدنصیب کلیدی عہدوں کے حامل بیوروکریٹ کے لیے یہ سنہری وقت ہے۔ جس میں وہ اپنی گئی ہوئی عزت حاصل کر سکتے ہیں اور بے دست و پا کی زنجیر سے نکل کر دوبارہ اپنے حیثیتی عہدوں پر دوبارہ انشاء اللہ تعینات ہو سکتے ہیں۔

غرض اضافہ تنخواہ یا ترقی عہدہ یا اپنا اصلی حق حاصل کرنے والوں کے خواہش مند لوگوں کے لیے ایک نادر موقع **11** جولائی **2009** کو آ رہا ہے۔ وہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ میں اللہ کی رحمت اور اس علم کی برکات سے امید دلاتا ہوں کہ جن لوگوں کے لیے یہ عمل تیار کیا جائے گا وہ ضرور اپنے مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔ وہ لوگ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو کسی محکمانہ انکوائری میں ملوث ہیں اور معطل ہو چکے ہیں اور پھر عزت کے ساتھ دوبارہ اسی جگہ جانے کے خواہش مند ہیں۔ وہ یہ لوح ضرور تیار کروائیں۔ یہ لوح اپنے طلسماتی اثرات سے مذکورہ شخص کو اس کا اعلیٰ مقام دلائے گی۔ اس میں ہیبت قوت، رعب اور قوت ارادی کو مضبوط کرے گی، شخصیت کو متاثر کن بنائے گی۔

قدیم کتب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قدیم زمانہ میں بادشاہ سلاطین اور امراء طاقت ور کی خوشنودی اور قرب حاصل کرنے کے لیے ماہرین اور جفاروں سے ایسی طلسماتی لوحیں تیار کروایا کرتے تھے۔ آپ کو علم ہونا چاہیے کہ بعض حکام اپنی بقائے ملازمت اور دبدبہ اقتدار کے حصول کے لیے تیار کراتے ہیں۔ میری معلومات کے مطابق رسالہ میں نجوم پر لکھنے والے معتبر نام پولیس کے اعلیٰ حکام ہیں اور یہ اعلیٰ حکام نجوم جفر میں بھی اعلیٰ مقام رکھتے ہیں۔ چاہے وہ ماہرین دلاور ہوں، شجاعت ہاشمی ہو، یہ معززین اور قابل احترام شخصیات اپنی علمی صلاحیتوں کو چھپا کر رکھتی ہیں اور ہمارے جیسے کن کٹے شہرت کے ڈنکے پیٹتے تھکتے نہیں ہیں۔

اس سال اوج شمس کا موثر ترین وقت **11** جولائی **2009ء** بروز ہفتہ صبح **9** بجکر **09** منٹ تا **12** جولائی **2009** بروز اتوار صبح **10** بجکر **19** منٹ پر رہے گا۔ (یاد رہے حکومت پاکستان نے **15** اپریل رات **12** بجے سے سٹینڈرڈ ٹائم میں ایک گھنٹہ کا اضافہ کر دیا ہے۔ چنانچہ اسی اضافہ کے ساتھ نئے وقت کے عین مطابق یہ وقت دیا گیا ہے تاکہ دوستوں کو کسی قسم کی الجھن نہ آئے۔) اس دورانیہ کے مطابق ہمیں ہفتہ کے دن دو ساعتیں ملیں گی اور اتوار کے دن ایک ساعت ملے گی۔ ان میں میں نے رات کی ساعتیں شامل نہیں کی ہیں۔ کیونکہ سورج (شمس) دن کا ستارہ ہے اور دن کی ساعتیں ہی کارآمد ہوں گی۔ بروز ہفتہ پہلی ساعت شمس صبح **9** بجکر **49** منٹ تا **10** بجکر **59** منٹ تک رہے گی۔ دوسری ساعت شمس سہ پہر **17** بجکر **59** منٹ سے لے کر

19 بجکر 9 منٹ تک رہے گی۔ تیسری ساعت بروز اتوار سورج طلوع ہونے کے ساتھ ہی شروع ہوگی۔ یعنی صبح 6 بجکر 19 منٹ سے شروع ہو کر 7 بجکر 29 منٹ تک رہے گی۔ تینوں ساعتیں بہت موثر ہیں لیکن بروز ہفتہ پہلی ساعت شمس سعد اتصال ہے اور جاہ وجلال کے متعلق الواح بہت موثر اور تیز ترین اثرات کی حامل ہوگی۔ ویسے بھی ماہ رجب برکتوں والوں مہینہ ہوگا۔

شرف یا اوج کے نقوش سونا دھات پر تیار ہوتے ہیں۔ سونا (گولڈ) مہنگا ہے۔ لیکن صاحب ثروت اور اعلیٰ عہدوں کے حامل اشخاص کے لیے یہ کوئی مہنگا نہیں ہے۔ عہدہ عزت مل جائے اس کے آگے ایک تولہ سونا کوئی قدر نہیں رکھتا۔ مطلوبہ دھات پر تیار کردہ نقوش اسی طرح اثرات ظاہر کرتے ہیں۔ جس طرح سورج طلوع ہو کر روشنی بکھیرتا ہے۔ درجہ دوم میں چاندی اور سونا چاندی کی مخلوط دھات آتی ہے۔ کاغذ پر بھی موثر نقوش تیار ہوتے ہیں لیکن طاقتور لوح تیار ہوتی ہے۔

اب نقش تیار کرنے کا طریقہ لکھ رہا ہوں۔ غور وفکر کریں اور خود تیار کریں۔ انشاء اللہ آپ کو چند دنوں میں بام عروج تک پہنچانے کا سبب بنے گا۔ سب سے پہلے اپنا نام معہ والدہ لیں۔ پھر مقصد مثلاً بحالی عہدہ، رزق عروج وترقی جو بھی ہو، اس کے اعداد استخراج کریں۔ پھر مقصد کے مطابق آیت قرآنی یا سورۃ یا اسم الٰہی لیں اور اعداد استخراج کر کے ان سب کو جمع کریں۔ مثلاً مہربانی حکام بالا کے لیے سورہ حم السجدہ کے اعداد سائل کریں۔ خاتمہ مشکلات کے لیے سورۃ شمس کے اعداد لیں۔ لیکن میں عام ڈگر سے ہٹ کر عمل تحقیق کر کے تیار کرتا ہوں۔ ایک دعا ہے جس کا نام ہے۔ جامع المطلوب ودافع الکروب۔ یہ دعا اعلیٰ حضرت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ سے منسوب ہے۔ جتنے فوائد میں نے زندگی میں اس دعا کے دیکھے ہیں کہ انسانی ذہن وعقل دنگ رہ جاتی ہے۔ آج میں راز کی بات بتا رہا ہوں کہ اس کے اعداد سے شرف یا اوج میں تیار کردہ لوح حیرت انگیز اثرات کی حامل ہے۔ اس کی برکت سے حالات میں حیرت انگیز طور پر تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔ ان سے ایک مخمس پر کریں۔ اس کے نیچے عزیمت تسخیر لکھیں۔ یہ سونے کے پترہ پر لکھیں یا چاندی پر کندہ کریں۔ بعدازاں اس پر سونے کا پانی چڑھایا جا سکتا ہے۔ سرخ کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھ لیں اور مذکورہ دعا یا آیت کا ورد کریں۔ روزانہ سورج کے سامنے کھڑے ہونے کی ضرورت نہ ہے۔ کیونکہ دیکھا گیا ہے کہ کراچی جیسے شہر میں کئی کئی منزلہ فلیٹوں میں زندگی بسر ہوتی ہے۔ سورج کا نظارہ کرنا مشکل ہے۔ علاوہ مصروف ترین زندگی میں کاروبار زندگی کو رواں دواں رکھنے کے لیے گھر سے سورج طلوع ہونے سے قبل جانا پڑتا ہے تو سورج والا عمل کیسے کیا جائے۔ اسی مشکل کے پیش نظر یہ عمل جدید لکھ رہا ہوں۔

نام: محمد قاسم معہ والدہ ۲۱۴۵

نام مقصد: بحالی عہدہ ۳۴۰۷

آیت مبارکہ: (1) نصر من اللہ تا بشیر المومنین

(2) انا فتحنالك تا عزیزاً یا معز ۱۲۵۰۶

۱۸۰۵۸

۱۱۷

۱۸۱۷۵

۶۵

(1) ۳۶۲۳=۵÷۱۸۱۱۵

نام وعہدہ کے اعداد: ۵۵۵۲

آیات کے اعداد: ۱۲۶۲۳

امتزاج: ۱۵۲۵۶۵۲۲۳ = ۳۱ = ۴

حروف: ج ب ب ھ د ھ ب ھ ا

انہیں نقش کے چاروں طرف لکھیں گے۔ دو دو کے موکل بنا کر۔ اب ان سب اعداد کو مفرد کریں گے۔ مثلاً

موبائل نمبر ہے: 03009483758

اسے مفرد کیا: ۸+۵+۷+۳+۸+۴+۳=۴۷+۴=۱۵=۶

۷۸۶

جائیل جبرائیل بھائیل

۳۲۴۰	۳۲۴۴	۳۶۲۳	۳۲۳۲	۳۲۳۶
۳۲۴۶	۳۶۲۵	۳۲۲۹	۳۲۳۳	۳۲۴۲
۳۶۲۷	۳۲۳۱	۳۲۳۵	۳۲۳۹	۳۲۴۳
۳۲۲۸	۳۲۳۷	۳۲۴۱	۳۲۴۵	۳۶۲۴
۳۲۳۴	۳۲۳۸	۳۲۴۷	۳۶۲۶	۳۲۳۰

اللّٰھم سخرت جمیع خلقک کما سخرت لسلیمان بن داؤد علیہ السلام وکفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ

اطلاعاً عرض ہے میں اس نقش کے ساتھ ہی ایسا ایک چراغ تیار کر کے دیتا ہوں جس میں اسی نقش کی بتیاں جلائی جاتی ہیں اور اثرات تیز ہو جاتے ہیں۔ نقش یہی ہوتا ہے۔ اگر اس طرح آپ عمل کریں گے تو آپ کا عمل 100% اثرات کا حامل ہوگا۔

(1) روزانہ اکتالیس دن تک ان آیات کا 55 بار ورد کریں۔ یاد رہے اپنے عمل میں اپنا موبائل نمبر یا فون نمبر ضرور شامل کریں۔

کمالات جفر — اوج زہرہ — تسخیر خلائق و رجوع دنیا

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاھد، ملتان

زہرہ عشق محبت کا ستارہ ہے۔ جب یہ دورہ فلک طے کرتا ہے برج جوزا کے 22 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے اوج کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ شرف کی طاقت کے بعد اوج کی طاقت دوسرے درجہ میں شمار کی جاتی ہے۔ اس وقت میں ایک خاص تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ پروردگار عالم نے وقت کے ہر موقع میں خاص اثر رکھا ہے۔ اس وقت رجوع خلق، فتوحات اور تسخیر مستورات کے لیے بہت سریع الاثر عملیات اور الواح تیار کی جاتی ہیں۔ اس کے اثرات اتنے تیز ہوتے ہیں کہ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوتی ہے خواتین و مرد حضرات کا اس کے پاس جمگھٹا لگا رہتا ہے۔ اکثر ایسے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ ان عاملین خاص الخاص ڈاکٹر حکیم دکاندار ہوتے ہیں۔ کچھ کا تو نصیب اتنا طاقتور ہوتا ہے کہ انہیں ایسی کسی چیز کی ضرورت نہیں رہتی لیکن کئی لوگوں کے پاس ایسے نقش یا لوحیں ہوتی ہیں جن کی برکت سے عوام الناس کا رش ہوتا ہے۔ چنانچہ اس وقت سے وہ تمام لوگ استفادہ کر سکتے ہیں۔ جو شرف زہرہ کے وقت سے مدد نہ حاصل کر سکے ہوں۔ تسخیر کی کس کو ضرورت نہ ہے، ہر شخص اس کا متمنی ہے۔ بالخصوص عاملین ماہرین، ڈاکٹر، حکیم، وکیل، سیاسی لیڈر، دکاندار، تاجر، پراپرٹی ڈیلر اور اس کے علاوہ وہ تمام پیشہ ور لوگ جن کا ذریعہ آمدن عوام الناس سے متعلقہ ہو۔ کاروبار میں اضافہ کے لیے ایک خاص اور پرتاثیر وقت ہے۔ اس کے علاوہ کسی خاص عورت کو تسخیر میں لانا ہو یا من پسند جگہ شادی کرنی ہو اور خواہش پوری نہ ہو رہی ہو تو ایسے تمام اشخاص کو اوج زہرہ کے سعد وقت سے فائدہ اٹھانا چاہیے، ورنہ اگلے سال کا انتظار کرنا ہوگا۔

اس سال اوج زہرہ کا وقت 24 جولائی 2009ء بروز جمعہ صبح 9 بجکر 42 منٹ تا 25 جولائی 2009ء بروز ہفتہ 6 بجکر 48 منٹ تک رہے گا۔ اس دن ماہ شعبان کی کیم تاریخ ہوگی۔ اس دوران ہمیں تین ساعتیں ملیں گی۔ پہلی ساعت بروز جمعہ دوپہر 14 بجکر 29 منٹ سے لے کر 15 بجکر 39 منٹ تک رہے گی۔ دوسری ساعت رات کو 21 بجکر 56 منٹ تا 22 بجکر 47 منٹ تک ہوگی۔ تیسری اور آخری ساعت رات 3 بجکر 53 منٹ سے لے کر 4 بجکر 44 منٹ تک رہے گی۔ ان میں دوسری ساعت کی تاثیر نحس ہے۔ اس میں کام نہ کریں، باقی دونوں ساعتیں ٹھیک ہیں۔ خاص کر پہلی ساعت یعنی جمعہ کے دن کی تسخیر محبوب اور تسخیر دنیا کے لیے بہت موثر ہے۔

(یاد رہے 15 اپریل 2009ء رات بارہ بجے سے حکومت پاکستان نے معیاری وقت میں ایک گھنٹہ کا اضافہ کر دیا ہے اور گھڑی کی سوئیاں ایک گھنٹہ آگے کر دی گئی ہیں۔ جنتریوں میں شرف اوج اور ہبوط کے اوقات پرانے وقت کے مطابق ہیں۔ اگر اب پرانے اوقات پر کام کیا جائے گا تو سب غلط ہو جائے گا۔ چنانچہ میں نے اوج زہرہ کا شروع اور ختم ہونے کا وقت اور تینوں ساعتوں کے شروع اور ختم کا وقت نئے اوقات بمطابق حکومت پاکستان دیا ہے۔ آپ اس دیئے گئے اوقات کے مطابق کام کریں، کامیابی ہوگی اور اثرات ظاہر ہوں گے۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں۔) اس موقع کی مناسبت سے ایک تسخیر مستورات کا عمل دے رہا ہوں۔ ویسے یہ عمل آپ ہر ذی روح کی حاضری کے لیے کر سکتے ہیں۔ میں نے ایک قدیم کتاب میں دیکھا تھا۔ جس میں عمل کیمیا یعنی چاندی بنانے کا عمل مطلوب کے طور پر استعمال کیا تھا۔ وہ اتنا سریع الاثر عمل ہے کہ میں نے اسے متعدد مرتبہ تسخیر مطلوب اور حاضری مطلوب خصوصاً شادی کے لیے تیار کیا اور حیرت انگیز اثرات ظاہر ہوئے۔ اکیس دن کے دوران ہی مقصد حل ہو گیا۔ اس جیسا پرتاثیر عمل میں نے اپنی 25 سالہ عملیاتی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا۔ حالانکہ ہزاروں قسم کے جفری اعمال تیار کیے۔ پہلے کسی خاص عورت کو دیوانہ کرنے کا عمل پھر تسخیر دنیا کا عمل لکھوں گا۔

سب سے پہلے ایک تانبہ کا چراغ بنوائیں۔ یہ چراغ قمر یا زہرہ کی تثلیث میں تیار کرائیں۔ اب اس چراغ میں اوج کے وقت سورۃ توبہ کی آخری آیت لقد جاء کم تا رؤف رحیم o تک اعداد اور بسم اللہ شریف کے اعداد کا مربع آتشی کندہ کرائیں۔ اب نام طالب مع والدہ اور مطلوب مع والدہ کو الگ الگ حروف میں ایک سطر میں لکھیں۔ لیکن درمیان میں لفظ محبت لکھیں۔ دوسری سطر میں آیت کریمہ کے حروف لکھیں۔ ان دونوں سطور کو آپس میں امتزاج دیں۔ امتزاجی سطر کے سات فتیلے تیار کریں۔ روغن گاؤ اور شہد میں ملا کر چراغ میں ڈال کر اس فتیلے کو ساعت زہرہ میں جلائیں اور خود پاس کھڑے ہو کر 544 بار اس آیت مبارکہ کا ورد کریں۔ اگر اس سے بھی زیادہ تیزی درکار ہو تو روزہ رکھنا شروع کر دیں۔ فتیلے کا رخ خانہ مطلوب کی طرف ہو۔ مطلوب انشاء اللہ ایک دن میں حاضر ہوگا اور ایسی جگہ حاضر ہوگا جہاں چراغ جل رہا ہے۔ جب تک چراغ جلتا رہے آپ کو اسی جگہ موجود رہنا ہوگا اور مطلوب کا تصور پختہ ہو اور آیت کا ورد جاری رہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھ لیں۔ کسی پاک دامن کو ناجائز تنگ

کرنے اور عزت برباد کرنے کا جو خمیازہ آپ اور آپ کی نسل بھگتے گی وہ بھی باعث عبرت ہوگا۔ کیونکہ جو کرنا ہے وہ بھرنا بھی ہے۔ یہ قانون فطرت ہے۔ سوال کو حل کرنے کے لیے بالکل مختصر نام لوں گا۔ ورنہ اگر اصل عمل حل کیا گیا تو کئی عمل لکھنے والے ناراض ہو جائیں گے اور آیت کی جگہ اسم الٰہی لوں گا۔ مثلاً

سطر اول: شفیق احمد بن رابعہ

اسم الٰہی: ودود

ایک سطر میں لکھا: ش ف ی ق ا ح م د ر ا ب ع ہ

دوسری سطر: و د و د و د و د و د و د و د

امتزاج: ش و ف د ی و ق د ا و ح د م و د د ر و ا د ب و ع د ہ و = ۲۶ حروف

اس کی تکسیر بھی ۲۶ حروف میں ہوگی جو کہ ان مختصر صفحات پر ناممکن ہے۔ باقی عمل حل کر دیتا ہوں، تکسیر خود کریں۔

طالب معہ والدہ کے اعداد = ۸۲۱

یا ودود = ۲۰

۸۴۱×۲۶=۲۱۳۴۶-۳۰=۲۱۳۱۶÷۴=۵۳۲۹

ان اعداد سے نقش مربع آتشی چال سے پر کریں گے۔ نقش کے چاروں طرف تکسیر دائیں اور بائیں کی دونوں سطور کو آپس میں امتزاج دے کر چار چار کے طلسمی کلمات بنا کر آئیل کا اضافہ کر کے علاوہ موکلات نقش کے چاروں طرف لکھیں گے۔ برابر حصوں میں تقسیم کر کے چاروں طرف لکھیں۔ نقش کے نیچے عزیمت ضرور لکھیں۔ اور آگے آیت مبارکہ لکھیں، اب نقش لکھ رہا ہوں۔

یہ نقش چراغ میں کندہ ہوگا۔

۹۲۰	۹۲۴	۹۲۷	۹۱۳
۹۲۶	۹۱۴	۹۱۹	۹۲۵
۹۱۵	۹۲۹	۹۲۲	۹۱۸
۹۲۳	۹۱۷	۹۱۶	۹۲۸

جبرائیل

۵۳۳۶	۵۳۳۹	۵۳۴۲	۵۳۲۹
۵۳۴۱	۵۳۳۰	۵۳۳۵	۵۳۴۰
۵۳۳۱	۵۳۴۴	۵۳۲۷	۵۳۴۴
۵۳۳۸	۵۳۳۳	۵۳۳۲	۵۳۴۳

عزرائیل

اسرافیل

میکائیل

اللھم سخر قلب فلاں بن فلاں علے حب
وعشق فلاں بن فلاں بحق آیت پاک مسخر و مہربان
وفریفتہ حاضر شود حاضر شود العجل الساعۃ الوحا

برائے تسخیر خلق

یہی آیت مبارکہ تسخیر خلق کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنا نام معہ والدہ کے اعداد اور آیت مبارکہ کے اعداد **8982** ملا کر ایک نقش مسدس یعنی ۶×۶ کا اور پر کریں۔ یہ نقش کاغذ یا چاندی کی لوح پر بنائیں۔ امتزاج کا طریقہ اوپر لکھ دیا ہے۔ اب امتزاج سے جو حروف حاصل ہوں۔ اگر وہ جفت ہوں تو چار چار کے کلمات بنائیں اور اگر طاق ہوں تو پانچ پانچ کے کلمات بنائیں۔ اس لوح کو ریشمی کپڑے میں سلوا کر محفوظ رکھیں۔ جب کسی خاص کام یا جس سے کام نکلوانا مقصود ہو، اپنے ساتھ لے کر جائیں اور دل میں آیت کا ورد کریں۔ تو وہ شخص آپ کا کام بغیر کسی حیل و حجت کے اس عظیم لوح کے طلسمی اثرات کے زیر اثر فوراً کر دے گا۔ کسی مقصد میں ناکامی نہ ہوگی۔ اس لوح کی برکت سے حلقہ احباب واعزاء اور ساتھ کام کرنے والے محبت کریں گے۔ میاں بیوی میں بے پناہ محبت ہوگی۔

نقش پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد میں سے **165** تفریق کریں اور باقی کو **6** پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ترتیب وار پر کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر **31** میں **2** بچے تو خانہ **25** میں **3** بچے تو خانہ **19** میں **4** بچے تو خانہ نمبر **13** میں اور اگر **5** بچے تو خانہ نمبر **7** میں مزید ایک عدد کا اضافہ کریں گے۔

نوٹ: یاد رکھیں بغیر کسر کا نقش بہت طاقتور ہے اور کسر والا ناقص۔ کوشش کریں کہ بغیر کسر کے نقش پر کریں۔ دوسری صورت میں کسی اسم الٰہی کا اضافہ کر کے بلا کسر بنالیں۔ مثال نہیں دی۔

مثلاً اعداد ہیں۔ ۱۶

۴۵۱۷۶۶۸

۱۶۵

۴۵۱۷۵۰۳=۶ باقی ایک

۷۵۲۹۱۷-۱


خانہ نمبر **31** میں اضافہ ہوگا۔

۱۸	۱۲	۳۰	۱۹	۳۶	۱
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۲	۱۳
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲۵
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

رحمت کا ذخیرہ جفر اوج زہرہ

از تحریر: سید شعیب الرحمن شاہ، کاکا خیل

اس سال اوج زہرہ 24 جولائی صبح 9:42 بجے سے 25 جولائی 6:48 منٹ تک رہے گی۔ اوج زہرہ کے دوران اکثر عالمین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں۔ جو تسخیر خلق، رجوع خلق، تسخیر دولت، ترقی فتوحات کے لیے اس سال یہ بہت طاقتور نظر قائم ہوگی۔ ایسے عملیات بہت طاقتور ہوتے ہیں۔ جن لوگوں کے کاروبار چلتے چلتے رک گئے ہوں یا ترقی دولت کی ضرورت ہو یا جس کا رشتہ بن بن کر ٹوٹ جاتا ہو تو ان کے لیے آج کی محفل میں آئینہ قسمت کے لیے لوح تقدیر کے ساتھ حاضر ہوں۔ یہ لوح 50 روپے کے نوٹ پر یا گولڈن کاغذ پر تیار ہوگی۔ جب یہ لوح تیار ہو جائے تو اس پر گیارہ دن تک سورہ یوسفؑ پڑھ کر دم کریں۔ شاہ زنجانی صاحب اور میرے حق میں خصوصی دعا کریں کہ اللہ پاک شاہ زنجانی صاحب کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائیں اور لمبی عمر عطا فرمائیں۔ آخر میں میرے والد سید خان صاحب ولد سید محمد اسحاق اور شاہ زنجانی صاحب کے والد سید ناظر حسین شاہ زنجانی اور شاہ زنجانی صاحب کی والدہ صاحبہ کے لیے نوافل پڑھیں۔



بقیہ: بروج آپکا اسم اعظم اور موافق پتھر

اسد	یاقوت، الیگزنڈرائٹ، امبر موافق پتھر ہیں۔ اتوار کے دن ساعت شمس میں پہنیں۔
سنبلہ	زمرد، نیلم، پکھراج، زرقون موافق پتھر اور بدھ کے روز ساعت عطارد میں پہنیں۔
میزان	زبرجد، نیلم، لہنیا (کیٹس آئی) جمعہ کے روز ساعت زہرہ میں پہنیں۔
عقرب	مرجان، پکھراج، دُرِ نجف
قوس	فیروزہ، لاجورد، ایمےتھیسٹ، سنگ سیم، بیروج موافق پتھر ہیں۔ جمعرات کے دن ساعت مشتری یا زہرہ میں پہنیں۔
جدی	نیلم، سنگ ستارہ، سنگ ترمری، گارنیٹ
دلو	عقیق، سنگ حدید، سنگ ستارہ
فیروزہ	لاجورد، سنگ سیم، ایمےتھیسٹ، اپنی ڈروٹ موافق پتھر ہیں۔ جمعرات کے روز ساعت مشتری میں پہنیں۔

پتھر پہننے سے پہلے حسب توفیق دال سیاہ ماش اور چینی ہفتہ یا منگل کے دن اپنے سر سے وار کر قریبی قبرستان چلیں جائیں۔ چینی حشرات الارض کے آگے ڈالیں اور سیاہ ماش قبروں پر ڈالیں، گھر آکر پہن لیں اور اس کے بعد دو رکعت نفل شکرانہ ادا کریں، کامیابی کے لیے دعائیں مانگیں، اس کے بعد پتھر پہنیں۔

قدرت کی انمول نعمت

بروج آپکا اسم اعظم اور موافق پتھر

تحریر: عامل ایس اے شہزاد

موافق پتھر کی جان کاری کے لیے آپ کو اپنا برج معلوم ہونا چاہیے۔ برج معلوم کرنے کے تین طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ بذریعہ تاریخ برج معلوم کرنا ہے۔ دوسرا طریقہ اپنے نام کے حرف اول سے برج معلوم کرنا ہے۔ جبکہ تیسرا طریقہ اپنا نام بمعہ والدہ کے اعداد نکال کر جمع کریں اور 12 پر تقسیم کریں۔ اگر تقسیم کرنے سے 1 بچے تو حمل برج ہوگا۔ 2 بچے تو ثور، 3 بچے تو جوزا، 4 بچے تو سرطان، 5 بچے تو اسد، 6 بچے تو سنبلہ، 7 بچے تو میزان، 8 بچے تو عقرب، 9 بچے تو قوس ہوگا۔ 10 بچے تو جدی ہوگا، 11 بچے تو دلو ہوگا اور اگر نہ بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ: یاد رکھیں صرف تاریخ پیدائش سے ہی برج معلوم کریں۔ چنانچہ اس اگلے دو طریقوں کو نظر انداز کر دیں۔ ہاں اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو دوسرے دو طریقوں سے اپنا برج معلوم کر سکتے ہیں۔ بذریعہ تاریخ پیدائش برج معلوم کرنے کا طریقہ آپ آئینہ قسمت یا زنجانی جنتری سے معلوم کر سکتے ہیں۔

حمل: مرجان اور یاقوت موافق پتھر ہیں۔ اتوار کے دن شمس کی ساعت میں پہنیں۔

ثور: عقیق اور نیلم موافق پتھر ہیں۔ جمعہ یا جمعرات کے روز ساعت زہرہ یا مشتری میں پہنیں۔

جوزا: زمرد، پکھراج اور زرقون موافق پتھر ہیں۔ بدھ کے روز عطارد کی ساعت میں پہنیں۔

سرطان: مون اسٹون، اوپل، در نجف موافق پتھر ہیں۔ پیر کے دن ساعت قمر میں پہنیں۔

بقیہ: صفحہ نمبر 30 پر

برج حمل ہر نماز کے بعد 66 مرتبہ یا اللہ کا ورد کریں۔

برج ثور ہر نماز کے بعد 15 مرتبہ بسم اللہ الرحیم کا ورد کیا کریں۔

برج جوزا ہر نماز کے بعد 10 مرتبہ سورہ کوثر یا نماز کے بعد 300 مرتبہ یا قدوس پڑھ لیا کریں۔

برج سرطان ہر نماز کے یا وُدود یا یا رزاق 200 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

برج اسد ہر نماز کے بعد یا مُجیب 300 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

برج سنبلہ ہر نماز کے بعد یا حی یا قیوم 90 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

برج میزان ہر نماز کے بعد یا رحمٰن یا رحیم کا ورد 100 مرتبہ کریں۔

برج عقرب ہر نماز کے بعد یا ذوالجلال والاکرام 70 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

برج قوس ہر نماز کے بعد 180 مرتبہ یا فتاح پڑھ لیا کریں۔

برج جدی یا جبارُ ہر نماز کے بعد 170 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

برج دلو ہر نماز کے بعد یا سلامُ 200 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

برج حوت ہر نماز کے بعد یا وھابُ 300 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

قسط نمبر 2

قائدہ ابو طالبی

از تحریر: علامہ مفتی طالب حسین کرمانی چلہ کش

پانچویں سطر: یہ ہے کہ سطر نسبت اساس سے حاصلہ سطر کو جو تیسری سطر بنی ہے نسبت نظیرہ سے حاصلہ سطر کے ساتھ جو چوتھی سطر بنی ہے ملاحظہ کیا جائے۔ ان دونوں سطور کے عدد کو زیادہ والے عدد میں سے تفریق کریں گے پس جو بچ جائے گا۔ اسے اس کے ذیل پانچویں سطر میں تحریر کر دیں گے۔ در حقیقت تیسری سطر کے پہلے خانے کو چوتھی سطر کے پہلے خانے کے ساتھ ملاحظہ کریں۔ لہٰذا جس کا عدد کمتر ہوگا اس کو زیادہ والے عدد میں سے تفریق کریں گے اور باقی ماندہ کو اسی خانے کے ذیل پانچویں سطر میں تحریر کر دیں گے۔ اسی طرح سے تمام خانوں پر عمل کریں گے۔ یہاں تک کہ سطر مکمل ہو جائے۔ البتہ جب دونوں خانوں میں ایک جیسے اعداد ہوں تو دونوں اعداد کو جمع کریں گے اور حاصل جمع کو تحریر کر دیں گے اور اس سطر کو جو کہ پانچویں سطر ہے سطر تمتہ کہتے ہیں۔

چھٹی سطر قائدہ کے مطابق یہ ہے کہ سطر اساس کے پہلے حرف کو اس کے نیچے والے حرف کے ساتھ ملاحظہ کریں گے جو کہ سطر نظیرہ ہے اور ایک دوسرے سے نسبت دیں گے۔ تیسری اور چوتھی سطر کی مانند جدول کے مطابق عمل کریں گے مثلاً سطر اساس کے پہلے حرف ع کو سطر نظیرہ کے پہلے حرف ب سے نسبت دی جدول کے مطابق ان کا حاصل نسبت **14** ہوگا۔ لہٰذا چھٹی سطر کے شروع میں تحریر کر دیا اور باقی خانوں پر بھی اسی طرح عمل کریں گے۔

ساتویں سطر یہ ہے کہ چھٹی سطر کے دوسرے خانے میں موجود عدد کو ساتویں سطر کے پہلے خانے میں تحریر کریں گے اور جو عدد چھٹی سطر کے تیسرے خانے میں ہے اسے ساتویں سطر کے دوسرے خانے میں تحریر کریں گے۔ آخر تک اسی طرح تحریر کریں گے جبکہ ساتویں سطر کے آخری خانے میں چھٹی سطر کے پہلے خانے والا عدد تحریر کریں گے۔

آٹھویں سطر یہ ہے کہ ان دونوں سطروں یعنی چھٹی اور ساتویں سطر کے اعداد کو باہم ملاحظہ کریں اور جو عدد کمتر ہوگا اسے زیادہ والے عدد میں سے تفریق کریں گے اور باقی ماندہ کو اس سطر میں تحریر کر دیں گے۔ البتہ جب دونوں سطروں میں سے ایک جیسے اعداد ہوں تو ان دونوں کو جمع کر لیں گے اور حاصل کو اس سطر میں تحریر کر لیں گے۔ اس سطر کو حاصل کرنے کا طریقہ پانچویں سطر کی مانند ہے۔ جس کی شرح ہم نے تحریر کر دی ہے اور اس سطر کو تمتہ ثانیہ کہتے ہیں۔

نویں سطر قاعدہ یہ ہے کہ اسی تمتہ ثانیہ والی سطر کو پانچویں سطر کے ساتھ ملاحظہ کریں گے اور کمتر عدد کو اکثر عدد سے طرح دیں گے۔ یعنی جو عدد کمتر ہوگا اسے زیادہ والے میں سے تفریق کریں گے اور بقیہ کو نویں سطر میں تحریر کر دیں گے۔ یہاں تک کہ سطر مکمل ہو جائے۔ اب اہم مثال کے طور پر اگلے اپنے سوال کو پہلی سطر سے نویں سطر تک رقم کرتے ہیں تا کہ مبتدی کے لئے مشق کا سبب بنے۔

۱	سطر اساس	ع	ی	ن	خ	ا	م	ی	م	ز	ا	س	ی	ن	د	ا	ل
۲	سطر نظیرہ	ب	خ	غ	ی	س	ط	خ	ط	ش	س	ا	غ	غ	ص	س	ط
۳	سطر حاصل اساس	۷	۵	۳۰	۶	۴	۴	۴	۲۸	۷	۶	۶	۵	۲۰	۲	۳	۲۱
۴	سطر حاصل نظیرہ	۳	۶	۱	۶	۶	۶	۶	۳	۳	۶	۶	۶	۹	۶	۱۲	۳
۵	سطر حصۂ اولیٰ	۲	۱	۲۹	۱۳	۲	۲	۲	۲۵	۲	۱۲	۱۲	۱	۱۱	۲	۹	۱۳
۶	حاصل نسبت نظیرہ	۱۲	۶	۵	۶	۶	۲۶	۶	۳۰	۲۱	۶	۶	۶	۵	۳۰	۶	۲۲
۷	حاصل نسبت اساس	۶	۵	۲	۶	۳۰	۶	۳۰	۲۱	۶	۶	۶	۵	۳۰	۶	۲۲	۱۲
۸	سطر حصہ ثانیہ	۸	۱	۱	۱۲	۳۰	۳۰	۳۰	۱۵	۱۵	۱۲	۱۲	۱	۳۱	۳۰	۱۸	۱۰
۹	سطر تتمہ تمکین	۲	۲	۲۸	۲۲	۲۸	۲۸	۲۸	۱۰	۱۱	۲۲	۲۲	۲	۲۰	۲۸	۹	۷

دسویں سطر یہ سطر حروف دور یہ ہے۔ یہ اس سطر سے ہے **تتمیتن** کے تمتہ کے عدد کو جو نویں سطر ہے حروف میں تبدیل کریں گے۔ قاعدہ اس کا یہ ہے کہ اس عدد کو دیکھیں اور اگر وہ تمام ہے جیسے **50,40,30,20,10** اور اسی طرح سو اور دو سو تو ابجد کبیر میں جس مرتبہ پر وہ عدد ہو اس حرف کو لے لیجیے اور اس کے نیچے تحریر کر دیں اور اگر مراتب حروف کے حساب سے وہ حرف جمل کبیر ابجدی میں نہ ہو جیسے گیارہ، بارہ اور تیرہ سے انیس تک نیز اکیس، بائیس اور تئیس سے اٹھائیس تک تو اس عدد کا حرف جمل وضعی کے قاعدہ سے جو ابجد وسیط ہے، حاصل کریں گے اور اس کے نیچے تحریر کر دیں گے۔ نیز ابجد وضعی جسے جمل وسیط کہتے ہیں، یہ ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ